آل انڈیا پکچرز کا

عید کا چاند

ईद का चाँद

اداکاران

ویجنتی مالا - پردیپ کمار

پورنیما - امر   قیمت ۱؍

نیو اسٹنڈرڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دھلی

جوانی کی ہوا کے گانے

گانا نمبر ۱

ڈر ڈڈ ڈڈاڈ ڈارتی ڈارا

چاند کے پاس اک تارا کرے دور دور سے اشارہ
کیوں بیٹھا ہے من مارے آجا پیارے نظارے
یہ سماں ہے پیارا

ڈڈ

آسماں پہ چاند تارے کل بھی ہنسیں گے پیارے
ہوں گے کہاں ہم دونوں یہ کون جانے
منزل جدا ہے تیری راہیں جدا ہیں میری
دم بھر کا ساتھ ہے یہ سن او دیوانے

ڈر ڈڈ

آج کی یہ رات پیاری پہلی ملاقات پیاری
میٹھی یاد بن کے دل میں رہے گی
چاہے جہاں تو جائے چاہے جہاں میں جاؤں
جدا سے چاندنی یہ ہر دم کہے گی

ڈر ڈڈ

گانا نمبر ۲

کون جانے رے بابا دنیا میں پیر پرائی
کون جانے رے

کس کے آگے رونا روئے ہر کوئی
ٹھکرائے ترس نہ کھائے
در در بھٹک رہے ہیں دیکھو دل کا درد چھپائے
ساون کی اندھی دنیا کو کچھ نہ پڑے دکھائی
کون جانے رے —
سب کے جو میں سبھی کے آگے شیش جھکایا
اک روٹی نے کچھ نہ پوچھو کیسا ناچ نچایا
سچ کہتے لوگ یہ پاپی پیٹ بڑا ہرجائی
کون جانے رے —
کھلتے ہی مرجھائی دیکھو ننھی یہ کلیاں
نہ کوئی گھر نہ دوار ملی ہیں دھول بھری یہ گلیاں
بٹی کی گڑیا بھی اپنے سپنے میں نہ آئی
کون جانے رے —

گانا نمبر ۳

وہ آ گئے جیتے تھے ہم جن کے لئے
راتیں جاگ کے گزاری اسی دن کے لئے
وہ آ گئے —
سامنے بٹھا کے جب نظریں ملائیں گے
دل میں جو بات ہے وہ آنکھوں سے سنائیں گے
چپ بھی رہیں گے اور یہ بھی کہے جائیں گے
وہ آ گئے —

بعد جدائی کے یہ مزا ملاقات کا
گرمی میں جیسے پہلا چھینٹا برسات کا
اک اک تارا بھی پکارے اس رات کا
لو وہ آ گئے

جیسے حضور نے اشارا جو نگاہوں سے
جمائی لے کے ہم ٹھنڈی ٹھنڈی آہوں سے
جھکی جھکی انکھیوں سے کھلی کھلی باہوں سے
لو وہ آ گئے

گمنام

چلی کیسی یہ جوانی کی ہوا کہ گھڑی گھڑی دل دھڑکے
جانے آنکھ کو بھی کیا ہو گیا کہ گھڑی گھڑی یہ بھی پھڑکے
کبھی اس کروٹ کبھی اس کروٹ
پہلو بدلتے ہی رات کٹے
بجلے ہی مچلے ذرا بھی نہ سنبھلے
دل سے نہ پل بھر یاد ہٹے
پائل جھنکار نہ مانے بات کہ بجی بجی ٹوٹ ٹوٹ کے
چلی کیسی یہ جوانی کی ہوا
بھولے کبھی خود ذرا آنکھ لگے
تو میرے سپنوں میں آئے کوئی رہ کے
کچھ بھی نہ پتہ چلے کون ہے وہ چھلیا
چپکے سے چلا جائے کچھ کہہ کے

پہلے سوتی تھی میں ساری ساری رات
کہ اٹھ جاؤں اب تڑکے
چلی کیسی یہ جوانی کی ہوا
اپنی صورتیا اپنا ہی مکھڑا
جب جب دیکھوں میں درپن میں
مجھکو ہوا ہے کیا میں کتنی بدل گئی
سوچوں یہی من ہی من میں

گانا نمبر ۶

باورے باورے باورے
غریب کی ہوں چھوکری کروں گی تیری نوکری
غلطی نجریا نہ ڈال رے
باورے ———

کالی تقدیر میری رنگ میرا گورا
گھور کے نہ دیکھ ہائے رنگ میرا گورا
حور تو ضرور ہوں مگر مجبوریوں کا ہے پھیلا جال رے
باورے ———

دیکھنے کو سارا جگ دیکھے میرا مکھڑا
جانے میرے ٹوٹے ہوئے دل کا نہ دکھڑا
روپ کی بہار ہوں دلوں کا قرار ہوں
غم کی مگر ہوں مثال رے
پتلی کمر میرا حال بھی ہے بیتالا

لیا ہے نصیب نے نہ جانے کیسا بدلہ
چاند کا جواب ہوں حسین بے حساب ہوں
جیسے ہو گدڑی میں لال رے
باورے

گانا نمبر ۶

بہار لے کے آئی قرار لے کے آئی رات رسیلی والی
نکلے تھے گھر سے جی اکیلے
مل گیا رستے میں ساتھ سہانا
سمجھے تھے ہم جسے اک پردیسی
نکلا وہ اپنا ہی میت پرانا
بہار نے انگڑائی — قرار لے کے آئی —
دل کی نگریا میں دیپ جلے جب
آگیا ہاتھوں میں ہاتھ کسی کا
رات نہ ہوگی کوئی ایسی رنگیلی
دن بھی نہ ہوگا کوئی ایسا خوشی کا
قرار لے کے آئی
روک سکے تو مجھے روک زمانے
آج ستم والے کے دوار چلی میں
پریت کی دنیا مل گئی مجھ کو
پیار میں سب کچھ ہار چلی میں
اب گونجے گی شہنائی — قرار لے کے آئی

گانا نمبر

کیسے جاؤں ندیا کے تیر - تیرے گُتّے کی کُھلی زنجیر
جا رے جا میرا دِل نہ جلا - جان جان گئی - کُھلا
بس تیرا میرا کیسا جھگڑا

یو۔ این۔ او۔ کا یہ کہنا - پیار سے مل جل کر رہنا
بھائی بھائی بن کے سدا ایک دوجے کا دُکھ سہنا
پیار کی منزل کو ہیں چلا

دیکھ میرے رستے میں نہ آ، پیارے، تیرا:
تو نے بھی پیار کیا ہوگا۔ دِل گلزار کیا ہوگا
آئی نہ ہوگی ذِلّت، وہ
تو جنگلا پار کیا ہوگا
آج وہی ہے حال میرا۔ بیرا کی جان ڈرا
پیار نے، تیرا ——

ختم شد

پُر اسرار عجب جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	چینی فرشتہ	1/4/-
,, حصہ دوئم	1/4/-	جادوگر جاسوس	1/4/-
نیلی نقاب پوش	1/-/-	جادوگر حسینہ	1/4/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	موت کا بیوپار	1/4/-
سمندری ڈاکو	1/-/-	خونی نشان	1/-/-
باپ کا قاتل	1/-/-	ڈاکو شمشاد	1/-/-
خونی چھتری	1/-/-	خونی شہزاد	1/-/-
تین ڈاکو	1/-/-	بہادر نازنین	1/4/-
فومینچو کا بدلہ	4/-/-	چلتا پرزہ	1/4/-
فومینچو کی بیٹی	4/-/-	دو لاشیں	-/12/-
ڈاکٹر فومینچو	3/-/-	خونی گھنٹہ	-/12/-
ڈاکٹر فومینچو کا انتقام	3/-/-	[illegible]	-/12/-
گردش دوراں	3/8/-	خونی جیب	[illegible]

سنہرے شہر میں نادر شاہ 1/4/-

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی